

# پیارا وطن

نہ ہو کیوں ہمیں دل سے پیارا وطن
ہے جنّت کا ٹکڑا ہمارا وطن
سہانا ہے سندر ہے سارا وطن
ہمارا وطن، پیارا پیارا وطن



یہ سرسبز جنگل لہکتے ہوئے
یہ باغوں کے منظر مہکتے ہوئے
لہکتا مہکتا ہمارا وطن
ہمارا وطن، پیارا پیارا وطن





بہاریں ہیں باغوں میں چھائی ہوئی
گھٹائیں ہیں کیا رنگ لائی ہوئی
خوشی سے ہے بھرپور سارا وطن
ہمارا وطن، پیارا پیارا وطن

وطن کے فسانے سناتے ہیں ہم
یہی گیت دن رات گاتے ہیں ہم
ہم اِس کے ہیں، یہ ہے ہمارا وطن
ہمارا وطن، پیارا پیارا وطن

اختر شیرانی



## سوالات

1۔ شاعر نے جنّت کا ٹکڑا کس کو کہا ہے؟
2۔ جنگل اور باغوں کے بارے میں شاعر کیا کہہ رہا ہے؟
3۔ ہمارا وطن کس سے بھرپور ہے؟
4۔ اس نظم کو زبانی یاد کیجیے اور لکھیے۔